تبدیلیوں کے بارے میں تنقید کرتے ہوئے کہا کہ نئے نصاب میں بہت کچھ اسلامی و اخلاقی روایات کے منافی ہے۔ جس سے طلبہ کا اخلاق تباہ ہو رہا ہے انھوں نے نصاب سازی کو آغا خان فاؤنڈیشن کے حوالے کرنے پر بھی زبردست تنقید کی۔ آخر میں انھوں نے سعد مدنی کو ASF ضلع جہلم کا آرگنائزر مقرر کیا اور ان کی ذمہ داری لگائی کہ وہ جلد از جلد کابینہ تشکیل دیں۔ اس اجلاس میں اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم اور اہل حدیث یوتھ فورس تحصیل جہلم کی نئی کابینہ کا اعلان کیا گیا۔

AYF ضلع جہلم :

سرپرست : جناب ارشد فاروق سیٹھی صدر : حافظ عبدالغفور / نائب صدر : عمر ارشد، ناظم تبلیغ : خالد مدنی / نائب : عبداللطیف / جنرل سیکرٹری : عامر سلیم علوی / جوائنٹ سیکرٹری : ڈاکٹر عاطف جواد / رابطہ سیکرٹری : حافظ تنویر / معاون : محمد افضل سیٹھی / سیکرٹری نشر و اشاعت : حافظ عمر / معاون : قاری عبدالشکور / ناظم مالیات : شیخ عبداللہ / معاون : عامر بٹ

(بقیہ صفحہ ۴۵ پر)

وفیات

عبدالعزیز قریشی صاحب کا انتقال پر ملال

مورخہ ۱۸ / اگست بروز بدھ عبدالعزیز قریشی سابق صدر انجمن اہل حدیث جہلم وفات پا گئے۔ إنا لله وإنا اليه راجعون، مرحوم کا شمار حافظ عبدالغفور صاحبؒ کے قریبی ساتھیوں میں ہوتا تھا۔

بٹ برادران کو صدمہ

مورخہ ۱۵/ اگست قمر بٹ صاحب برادران کی والدہ محترمہ کویت میں طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ إنا لله وإنا اليه راجعون، مرحومہ بڑی نیک خاتون تھیں۔

شیخ عبدالقیوم صاحب کو صدمہ

ماہ جولائی کے آخر میں شیخ عبدالقیوم صاحب کے بھائی شیخ مسعود اچانک وفات پا گئے۔ إنـا لـلـه وإنا اليه راجعون،

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین